© rasailojaraid.com

ان کی ان گستاخانہ حرکتوں کو دیکھ کر آپ کے دل سے ہوک اٹھتی ہے اور بیساختہ ان کی زبان سے یہ فریاد نکل جاتی ہے:۔

رَبِّ انْصُرْنِیْ بِمَا کَذَّبُوْنِ ۝ [1] الٰہی انہوں نے مجھے جھٹلادیا ہے (اب) تو ہی میری مدد فرما۔

(باقی آئندہ)

کاش انساں کے دِل میں غمِ انساں ہوتا

از عبدالرحمن عاجزؔ مالیر کوٹلوی رحمانیہ دار الکتب لائلپور

ذکر تیرا مری تسکیں کا ساماں ہوتا — کاش یوں دردِ دلِ زار کا درماں ہوتا
میں کچھ اس طرح تری راہ میں قرباں ہوتا — جو مجھے دیکھتا انگشت بدنداں ہوتا
دیکھ کر شوقِ مدینہ میں تڑپتا میرا — کوئی خنداں، کوئی حیراں، کوئی گریاں ہوتا
اہلِ دولت جو ادا کرتے حقوقِ فقراء — فقرِ دولت سے نہ یوں دست و گریباں ہوتا
بوئے الفت سے مہک اٹھتا چمن زارِ حیات — کاش انساں کے دل میں غمِ انساں ہوتا
یوں الجھتا نہ مسلماں سے مسلماں کوئی — گر مسلمان حقیقت میں مسلماں ہوتا
یہ فسادات کے طوفان نہ اٹھتے ہرگز — تو اگر واقفِ رہِ سنت و قرآں ہوتا
ہوتی سو جان سے دنیا ترے قدموں پہ نثار — یوں نہ دنیا پہ اگر دل ترا قرباں ہوتا
آج بھی ہوتی جہاں بانی ترے قدموں میں — تو اگر طارقؒ و خالدؓ سا مسلماں ہوتا
یاد ہوتا تجھے اے دل، جو کہیں یومِ حساب — زندگی بھر نہ کبھی مائلِ عصیاں ہوتا

سامنے ہوتا اگر موت کا نقشہ عاجزؔ
آدمی شوکتِ دنیا پہ نہ نازاں ہوتا۔

© rasailojaraid.com